# URDU

*(Maximum Marks : 100)*

*(Time allowed : Three hours)*

*(Candidates are allowed* ***additional 15 minutes*** *time for* ***only*** *reading the paper.*

*They must NOT start writing during this time.)*

---

*Answer questions* ***1, 2 and 3*** *in Section* ***A*** *and* ***four*** *other questions from Section* ***B*** *on at least* ***three*** *of the prescribed text books.*
*The intended marks for questions or parts of questions are given in brackets [ ].*

---

## SECTION A

### Language – 50 Marks

**Question 1** [20]

Write a composition in **Urdu** on any **ONE** of the topics given below :—

نیچے دیئے گئے موضوعات میں سے کسی ایک پر اردو میں مضمون لکھئے۔

(۱) ہندوستان میں نئی حکومت کے قیام سے عوام کے لئے کیا اچھے دن آ گئے؟ اس موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

(۲) ٹیلی ویژن پر دکھائے جانے والے سیریل (Serial) کا مقصد صرف تفریح ہے یا ان میں بالواسطہ (Indirectly) کوئی اخلاقی سبق بھی ہوتا ہے؟ وضاحت کیجئے۔

(۳) 'کشمیر میں سیلاب سے ہونے والی تباہ کاریاں' اس موضوع پر ایک مضمون لکھئے۔

(۴) ISC امتحان پاس کرنے کے بعد آپ کی اگلی منزل کیا ہوگی؟ وضاحت کیجئے۔

(۵) آپ کی دادی اماں پچھتر سال کی ہوگئی ہیں۔ آپ چپکے چپکے ان کی سالگرہ کی تیاریاں کر رہے ہیں۔ اس کی روداد لکھئے۔

---

مندرجہ ذیل موضوعات میں سے کسی ایک پر طبع زاد (Original) تحریر قم کیجئے۔

i. ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا۔

ii. رات کو آپ اپنے کمرے میں سوئے ہوئے تھے۔ اچانک باہر سے شور بلند ہوا۔ کھڑکی میں دیکھا تو پاس والی بلڈنگ میں آگ کے شعلے بلند ہو رہے تھے............... ان الفاظ کے ساتھ شروع ہونے والا کوئی واقعہ بیان کیجئے۔

**Question 2** [20]

Read the passage given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب **اردو** میں لکھیے۔

اردو نثر کی موجودہ شکل جو آج ہمارے سامنے ہے اس کے ضامن دراصل انگریز ہیں جن کے ہاتھوں فورٹ ولیم کالج کی بنیاد پڑی۔ اردو نثر کی باقاعدہ ابتدا اس کالج سے ہوئی۔ فورٹ ولیم کالج کی پالیسی نے اردو نثر کے قدیم اسلوب میں ایک انقلاب پیدا کیا۔ جب کہ اس وقت نثر پر فارسی کا اثر زیادہ تھا۔ ایسے ماحول میں فورٹ کالج نے سلیس اور سادہ نثر کا پودا لگایا اس پودے کو تناور درخت بننے میں جو تھوڑی سی رکاٹ پیش آئی وہ یہی تھی کہ لوگ اس وقت فارسی کے دلدادہ تھے اور اپنے پرائیویٹ خطوط میں بھی فارسی روش اختیار کرنے میں فخر محسوس کرتے تھے۔ لیکن یہ قدیم روایات کب تک ساتھ دیتیں۔ لہذا سلیس و سادہ نثر نگاری کا جو پودا فورٹ ولیم کالج نے لگایا تھا اس کی آبیاری میں آگے چل کر دہلی کالج کے اہل قلم نے بڑا رول ادا کیا۔

فورٹ ولیم کالج کا اولین مقصد یہ تھا کہ ہندوستان میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے انگریز ملازمین کو اردو کی تعلیم اس طرح دی جاسکے کہ وہ باشندگان ہند سے نجی اور سرکاری معاملات میں بہ خوبی گفتگو کرسکیں۔ یہ کالج اگرچہ انگریزوں نے اپنی ضرورت کے لئے قائم کیا تھا لیکن غیر ارادی طور پر اس سے اردو کو فائدہ پہنچا۔ اس کالج کا تمام ذخیرہ داستانوں پر مشتمل ہے جو افسانوی ادب ہے حقیقت سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔ اردو ادب کی ترویج و ترقی یہاں کے کارکنوں کا اصل مقصد نہ تھا پھر بھی اس حقیقت سے گریز نہیں کیا جاسکتا ہے کہ ان کی اشاعت سے اردو کو فروغ ہوا۔

(۱) فورٹ ولیم کالج کی بنیاد کن کے ہاتھوں پڑی؟

(۲) اردو نثر کے قدیم اسلوب میں کون سی زبان کا اثر تھا؟

(۳) فورٹ ولیم کالج کا اولین مقصد کیا تھا؟

(۴) فورٹ ولیم کالج نے اردو میں کس نثر کا پودا لگایا؟

(۵) فورٹ ولیم کالج نے سلیس و سادہ نثر نگاری کا جو پودا لگایا تھا اس کی آبیاری آگے چل کر کن لوگوں نے کی؟

**Question 3**

Answer the following according to the instructions :—

دی ہوئی ہدایات کے مطابق مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔

(a) نیچے دئے ہوئے جملے درست کیجئے۔ (کوئی تین) [3×1=3]

(i) حامد بہت اونچا پتنگ اڑاتا ہے۔

(ii) ممبئی ہندوستان کی بڑی شہروں میں سے ایک ہے۔

(iii) آج بارس ہو رہا ہے۔

(iv) وہ دریا کی کنارے ٹہل رہا ہے۔

(b) درج ذیل محاوروں سے جملے بنائیے۔ (کوئی پانچ) [5×1=5]

سبز باغ دکھانا، آنکھیں دکھانا، باغ باغ ہونا، زبان چلانا،
ہاتھوں کے طوطے اڑنا، ٹال مٹول کرنا، آنکھیں بچھانا، ناک بھوں چڑھانا،

(c) درج ذیل واحد کی جمع بنائیے۔ (کوئی چار) [4×½=2]

اطلاع موضوع جذبہ امتحان خبر عمارت

## SECTION B

### Literature – 50 Marks

### Prose - حصہ نثر

**Question 4**

افسانہ ’’دودھ کی قیمت‘‘ کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھئے۔ [12½]

**Question 5**

افسانہ ’’جامن کا پیڑ‘‘ میں افسانہ نگار نے کیا پیغام دیا؟ تحریر کیجئے۔ [12½]

**Question 6**

افسانہ ’’گرم کوٹ‘‘ کا خلاصہ اپنی زبان میں تحریر کیجئے۔ [12½]

## Poem- نظم

**Question 7**

نظم ''گلزارِوطن'' کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھیے۔ [12½]

**Question 8**

فیض کی نظم ''صبح آزادی'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ [12½]

**Question 9**

دونوں اشعار کی تشریح کیجیے۔

مفلسی سب بہار کھوتی ہے    مرد کا اعتبار کھوتی ہے [6½]

بس کہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا    آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا [6]

## Novel- ناول

**Question 10**

ناول ''موروتی'' پڑھ کر آپ کے ذہن میں جو خیالات آتے ہیں انھیں اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔ [12½]

**Question 11**

ناول ''موروتی'' کا اہم کردار کون سا ہے؟ اس کے متعلق لکھیے۔ [12½]

**Question 12**

(a) فیصل کا کردار آپ کو کس حد تک متاثر کرتا ہے؟ [7]

(b) ناول کے کردار ملیحہ کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔ [5½]

## Drama- ڈراما

**Question 13**

(a) ڈراما میں کردار کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔ [6½]

(b) ڈراما کے اجزائے ترکیبی لکھیے اور ان کی تعریف کیجیے۔ [6]

**Question 14**

ڈراما ''خطوط کی واپسی'' کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔ [12½]

**Question 15**

(a) نازنین کے کردار کو اپنی زبان میں تحریر کیجیے۔ [6½]

(b) ''آپ کو تو معلوم ہے کہ وہ ہارٹ پیشنٹ ہیں اتنا لمبا سفر کیسے کرسکتی ہیں۔'' [6]

(i) یہ جملہ کہاں سے لیا گیا ہے؟

(ii) ڈراما نگار کا نام بتائیے۔

(iii) متکلم کون ہے اور وہ کس سے مخاطب ہے؟